UNIVERSITY OF CAMBRIDGE LOCAL EXAMINATIONS SYNDICATE
in collaboration with
MINISTRY OF EDUCATION, SINGAPORE
General Certificate of Education Ordinary Level

**URDU** **3196/02**

Paper 2 Language Usage and Comprehension

October/November 2003

**1 hour 30 minutes**

Additional Materials: Answer/Booklet/Paper

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, index number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen on both sides of the paper.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer **all** questions.
The number of marks is given in brackets [ ] at the end of each question or part question.
At the end of the examination, fasten all your work securely together.

This document consists of **10** printed pages and **2** blank pages.

SP (SLC/TL) S62186/1
© UCLES 2003
University of Cambridge Local Examinations Syndicate

## Section A

## حصہ (الف)

**A1 Identification of Prefixes** [10 marks]

سابقے کی پہچان

نیچے دیے گئے لفظوں سے سابقے **(Prefix)** چُن کر **(Answer Sheet)** میں لکھیے۔

**1** برطرف

**2** پُراسرار

**3** جل ترنگ

**4** سرفروش

**5** رہ گذر

**A2 Idioms, Proverbs and Words in Pairs** [10 marks]

محاورے، کہاوتیں اور جڑواں الفاظ :

نیچے 6 سے 10 تک جملوں میں خالی جگہ چھوڑی گئی ہے۔ ان جملوں کے نیچے کچھ محاورے، کہاوتیں اور جڑواں الفاظ دیئے گئے ہیں ان میں سے ہر ایک جملے کی خالی جگہ کے لئے صحیح جواب چُن کر اس کا نمبر **Answer Sheet** میں لکھیں۔

6 بعض لوگ بڑی آسانی سے دوسروں کی ______________ ہیں۔

7 آصف نے اپنا ______________ یہ مکان بنوایا ہے۔

8 اس عمر میں اتنا فیشن۔ یہ تو وہی بات ہوئی کہ ______________۔

9 مجھے تم سے بڑی امیدیں تھیں مگر تم نے تو میری ______________ دی۔

10 بچوں کی ______________ حکومت کی نہیں والدین کی ذمہ داری ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | خون پسینہ ایک کرنا | (6) | دیکھ بھال |
| (2) | غور و فکر | (7) | آگے پیچھے |
| (3) | دودھ کا دودھ پانی کا پانی | (8) | آس توڑنا |
| (4) | باتوں میں آنا | (9) | چہرہ پیلا ہونا |
| (5) | علاج معالجہ | (10) | بوڑھی گھوڑی لال لگام |

**A3 Sentence Transformation** [10 marks]

جملہ بدلنا

نیچے لکھے ہوئے ہر ایک نامکمل جملے کو صحیح لفظوں سے اس طرح پورا کیجئے کہ اس سے پہلے لکھے ہوئے مکمل جملے کا مطلب نہ بدلے۔ **Answer Sheet** میں صرف جواب لکھیئے۔

11 مجھے اس گھر میں رہتے آج دو سال ہو گئے ہیں۔

میں دو سال سے ____________________

12 شکیل نے مہمانوں کو کھانا کھلایا۔

مہمانوں کو شکیل کے ذریعے ____________________

13 انہوں نے بہت سے کام کئے۔

ان سے بہت سے کام ____________________

14 میں نے اسے بازار میں دیکھا۔

وہ مجھے بازار میں ____________________

15 لڑکے گھوڑوں پر سوار ہوئے۔

گھوڑوں پر لڑکوں سے ____________________

**A4 Close Passage** [20 marks]

## کلوز عبارت

خالی جگہ کو بھرنے کے لئے کچھ الفاظ عبارت کے نیچے دیئے گئے ہیں۔ ہر ایک خالی جگہ کو بھرنے کے لئے ان لفظوں میں سے صحیح لفظ چن کر اس کا نمبر **Answer Sheet** میں لکھیں۔

زندگی میں ہم جو فیصلے کرتے ہیں ان میں سے ______ (16) اخلاقی نوعیت کے ہوتے ہیں۔ ______ (17) کے طور پر کسی شخص کو کوئی کام کرتے ہوئے دیکھ کر ہمارے دل میں بھی یہ ______ (18) آسکتا ہے کہ ہم بھی اس کی طرح وہ کام کریں۔ اب یہ فیصلہ کرنا کہ آیا وہ کام ہمیں کرنا چاہیئے یا نہیں یہ اخلاقی نوعیت کا فیصلہ ہو گا۔ اخلاقیات کا ______ (19) یہ ہے کہ انسان جو بھی کرے اس میں ______ (20) کا خیال رکھے۔ ان کے مال و دولت کے ساتھ ساتھ اپنی عزت کا بھی خیال رکھے۔ اپنی ہر ______ (21) کا اچھی طرح سے جائزہ لے۔ مثال کے طور پر ______ (22) کرنے والے کو دوسروں کے جذبات اور مال و دولت کی کوئی ______ (23) نہیں ہوتی۔ یہ قانونی اور اخلاقی طور پر بہت برا کام ہے۔ چوری کرنے والوں کا ______ (24) اچھے لوگوں میں نہیں ہوتا اگر آپ کوئی ______ (25) کام کریں گے تو آپ کی عزت خود اپنی نظروں میں گر جائے گی۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) | خیال | (6) | دل | (11) | مثال |
| (2) | زندگی | (7) | غلط | (12) | اکثر |
| (3) | حرکت | (8) | شمار | (13) | دوسروں |
| (4) | شخص | (9) | مطلب | (14) | چوری |
| (5) | پرواہ | (10) | جائزہ | (15) | خود |

## Section B

## حصہ (ب)

نیچے دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیئے اور سوالوں کے جواب دیجئے۔

ماہرین حیوانات کے نزدیک اونٹ کے لمبے عرصے تک پانی کے بغیر زندہ رہنے کی وجہ یہ ہے کہ قدرت کی طرف سے اس جانور کے جسم کی ساخت ایسی ہوتی ہے کہ وہ اپنے جسم کے اندر پانی کی کمی بہت حد تک برداشت کر لیتا ہے آپ یہ جان کر حیران ہوں گے کہ اونٹ اپنے جسم میں تیس فیصد کی کو نہ صرف برداشت کر لیتا ہے بلکہ بوجھ اٹھا کر میلوں سفر کر لیتا ہے اس کے بر عکس انسان زیادہ سے زیادہ بارہ فیصد پانی کی کمی برداشت کرنے کا اہل ہے۔ اونٹ کے زندہ رہنے کی اصل وجہ یہ ہے کہ اس کے جسم کی بافتوں سے ہی پانی خارج ہوتا ہے اور خون میں شامل پانی کی مقدار برقرار رہتی ہے دودھ دینے والے جانوروں میں اکثریت ایسے جانوروں کی ہے جن کے خون سے پانی ضائع ہوتا ہے اگر ان میں موجود خون میں سے پانی کی مقدار نمایاں حد تک کم ہو جائے تو خون گاڑھا ہونے کی بنا پر اس کی گردش کی رفتار سُست پڑ جاتی ہے یہ بھی ممکن ہوتا ہے کہ انتڑیوں میں خون جم جائے اس کے علاوہ پانی کے کم ہونے کے ساتھ جسم کے اندر کا درجۂ حرارت بھی گر جاتا ہے ایسی تکلیف دہ حالت میں موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔

اونٹ نہایت ہی مختصر وقت میں 25 گیلن تک پانی پی لیتا ہے یہ پانی اس کے جسم کی تمام بافتوں میں گھل مل جاتا ہے۔ ضرورت کے تحت انہی بافتوں سے اپنی پیاس بجھاتا رہتا ہے اور کئی ہفتے تک زندہ رہ لیتا ہے اور پانی کی ضرورت محسوس نہیں کرتا دودھ دینے والے دیگر جانوروں کی اکثریت ایسا نہیں کر سکتی وہ اپنے جسم میں وافر مقدار میں پانی کا ذخیرہ نہیں کر سکتے اگر ایسا کرتے ہیں تو ان کی زندگی کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

اونٹ نہ صرف پانی کی کمی کو برداشت کر لیتا ہے بلکہ وہ اپنے جسم کے بلند درجۂ حرارت سے بھی بالکل خوفزدہ نہیں ہوتا اس کے جسم کا درجہ حرارت پانی کے ضیاع کو روکنے میں ان کی معاونت کرتا ہے اس طرح سے اس کے جسم کی بافتوں میں موجود پانی کا ذخیرہ ایک لمبے عرصے تک چلتا رہتا ہے۔

**B5 MCQ Comprehension** [14 marks]

فہم استعداد

عبارت پر مشتمل درج ذیل ہر ایک سوال کے لئے چار چار جواب دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے صحیح جواب چن کر اس کا نمبر **Answer Sheet** میں لکھیں۔

**26** اونٹ کئی دنوں تک پانی کے بغیر کیسے زندہ رہتا ہے ؟

**(1)** اسے پانی کی ضرورت نہیں ہوتی

**(2)** وہ پانی کی کمی بہت حد تک برداشت کر لیتا ہے

**(3)** وہ ہوا سے پانی حاصل کرتا ہے

**(4)** اس کے خون میں پانی بالکل نہیں ہوتا

**27** انسان اپنے جسم میں پانی کی کتنی کمی برداشت کر سکتا ہے ؟

**(1)** تیس فی صد

**(2)** بیس فی صد

**(3)** پچیس فی صد

**(4)** بارہ فی صد

**28** اونٹ کے

**(1)** خون سے پانی خارج ہوتا ہے

**(2)** سانس سے پانی خارج ہوتا ہے

**(3)** بافتوں سے پانی خارج ہوتا ہے

**(4)** جسم سے پانی بالکل خارج نہیں ہوتا

**29** دودھ دینے والے جانوروں کے جسم کا درجۂ حرارت کیوں گر جاتا ہے ؟

**(1)** سردی لگنے کی وجہ سے

**(2)** زیادہ پانی پینے کی وجہ سے

**(3)** زیادہ کھانے کی وجہ سے

**(4)** خون میں سے زیادہ پانی خارج ہونے کی وجہ سے

30 اونٹ 25 گیلن تک پانی

(1) تھوڑی سی دیر میں پی سکتا ہے

(2) صبح سے شام تک پی سکتا ہے

(3) ایک ہفتے میں پی سکتا ہے

(4) تین دن میں پی سکتا ہے

31 دودھ دینے والے جانور اگر اپنے جسم میں زیادہ پانی جمع کریں تو کیا ہو سکتا ہے ؟

(1) وہ کئی دنوں تک بغیر پانی کے زندہ رہ سکتے ہیں

(2) ان کو نقصان پہنچ سکتا ہے

(3) وہ بوجھ اٹھا کر میلوں سفر کر سکتے ہیں

(4) وہ سست ہو جائیں گے

32 اونٹ کے جسم کے بلند درجہ حرارت کی وجہ سے :

(1) وہ خوفزدہ ہو جاتا ہے

(2) اس کے جسم کا پانی بہت خارج ہوتا ہے

(3) اسے بہت فائدہ ہوتا ہے

(4) اسے بہت نقصان ہوتا ہے

## Section C

## حصہ (ج)

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے اور نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔

بر صغیر پاک و ہند کے مغربی حصے میں عظیم الشان دریائے سندھ بہتا ہے۔ یہ علاقہ اب پاکستان میں شامل ہے۔ اسی دریا کے نام پر اس علاقے کا نام سندھ رکھا گیا ہے۔ اور وہاں کے رہنے والوں کو سندھی کہا جانے لگا۔ سندھ کی وادی ایک وسیع اور ہموار زمین ہے جو تقریباً ایک ہزار میل لمبی اور کہیں کہیں پانچ سو میل سے زیادہ چوڑی ہے۔ کسی زمانے میں یہ وادی بہت زرخیز ہوا کرتی تھی اور اسی جگہ سے ساڑھے چار ہزار سال قبل سندھ کی تہذیب کا آغاز ہوا۔

اس تہذیب کے لوگ آخر آئے کہاں سے ؟ یہ بات پورے یقین سے تو نہیں کہی جا سکتی مگر اس سلسلے میں ایک دو قیاس آرائیاں کی گئی ہیں۔ کچھ مورّخوں کے خیال میں یہ بحیرہ روم کے ساحلی علاقوں ترکی اور اسیریا سے ہوتے ہوئے انڈیا کے شمال مغرب میں داخل ہوئے۔ دوسرے مورّخین کے خیال کے مطابق جب کالے سَروں والے لوگوں نے انڈیا کے شمال مغرب سے نکل کر سمیری تہذیب کی بنیاد ڈالی تو ان میں سے کچھ انڈیا میں ہی رہ گئے پھر کئی سالوں کے بعد جب سمیریا سے آئے ہوئے کچھ مسافران سے ملے اور انہیں زیادہ مہذّب طرزِ زندگی کے فوائد کے بارے میں بتایا تو وہ لوگ پہاڑی علاقوں سے نکل کر جنوب کی طرف سندھ کی سرسبز و شاداب وادی میں منتقل ہو گئے۔

شاید یہی وجہ ہے کہ سندھ کی عظیم الشان تہذیب بہت تھوڑے سے وقت میں قائم ہو گئی۔ اس لئے کہ یہاں کے مقامی لوگوں کو صرف سمیریوں کی نقل کرنی تھی نا کہ خود ایک نئی تہذیب کی بنیاد ڈالنی تھی جس میں بہت لمبا عرصہ لگ جاتا ہے۔

**C6 OE Comprehension** [36 marks]

فہم استعداد

33 دریائے سندھ کہاں بہتا ہے اور اب وہ علاقہ کس ملک میں ہے ؟

34 سندھ کی وادی کس قسم کی ہے اور اس کا رقبہ کیا ہے ؟

35 سندھ کی تہذیب کب اور کہاں شروع ہوئی ؟

36 سمیری تہذیب کی بنیاد کس نے ڈالی اور یہ لوگ کہاں سے آئے تھے ؟

37 کالے سَروں والے لوگ سندھ کی وادی میں کیوں منتقل ہو گئے ؟

38 مختصر عرصے میں سندھ کی قدیم تہذیب قائم ہونے کی کیا وجوہات ہیں ؟

**C7 Vocabulary** [10 marks]

ذخیرۂ الفاظ : لفظ معنی

اس عبارت میں درج ذیل خط کشیدہ الفاظ آئے ہیں۔ ان کا مطلب لکھیے۔

39 وسیع

40 زرخیز

41 قیاس آرائیاں

42 طرزِ زندگی

43 لمبا عرصہ

End of Paper

BLANK PAGE

BLANK PAGE